پرکاش پکچرز کی نایاب تحفہ

میوزک = نوشاد

بیجو باورا

گانے :- شکیل بدایونی

बैजू बावरा

اداکاران :- مینا کماری، بھارت بھوشن، کلدیپ، بیبی تبسم وغیرہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری: بیجو باورا اُس زمانے کے درمیان ہوا تھا۔ جبکہ اکبر بادشاہ کا جھنڈا تمام ہندوستان میں لہرا رہا تھا۔
تانسین اُس زمانہ میں بہت بڑا گانے والا تھا۔ اُس نے یہ خبر نکلوا رکھی تھی۔ کہ کوئی آدمی اُس کی حد کے اندر نہ گائے۔ جو گاتا اُسے تانسین کے ساتھ مقابلہ کرنا پڑتا تھا۔ آگے پردہ پر دیکھیں......

گانے

تانسین:۔
نمبر ۱

تیری جے جے کرتار۔
موری بھرن دے آج جھولیاں۔ تو رحیم داتا۔
تو پاک پروردگار۔ توری......
تانسین کو تو رب، گیان دھیان دیجو سب
راگ رنگ ساگر ہیں، کر دے بیڑا پار

سادھوؤں کا بھجن۔
نمبر ۲

ساچو تیرو نام، رام ساچو تیرو نام۔ جھوٹے جگ کے کام رام، ساچو...
کاہے کو تم آئے تھے جگ میں، کاہے کو تم جاؤ گے۔
مٹھی باندھ کے آئے تھے، اور ہاتھ پسارے جاؤ گے۔
جھوٹا ہے یہ کام رام، ساچو تیرو نام........

بیجو اور گوری:۔
نمبر ۳

جھولے میں پون کے آئی بہار، نینوں میں رنگ لائی بہار

پیار چھلکے ... ...

ڈولے من میرا سجنی، چُندریا بار بار ڈھلکے۔

موری تان سے اونچی نیا جھولنا گوری۔

میرے جھولنے کے سنگ تیرے پیار کی ڈوری

تو ہے جیون سنگار۔ پیار چھلکے ......

بادل جھوم کے آئے، گاگر پیار کی لائے

کوئل کوکتی جائے۔ بن بن مور بھی گائے

چھیڑیں ہم تم ملہار، پیار چھلکے .....

نمبر ۴

تو گنگا کی موج، میں جمنا کی دھارا، رہے گا ملن یہ ہمارا تمہارا

اگر تو ہے ساگر، تو منجدھار میں ہوں، تیرے دل کی کشتی کا پتوار میں ہوں۔

چلے گی اکیلے نہ تم سے یہ نیا ملے گی نہ منزل تمہیں بن کھویا

چلے آؤ موجوں کا لیکے سہارا۔ رہیگا ملن ....

بھلا کیسے ٹوٹیں گے بندھن یہ دل کے، بچھڑتی نہیں موج سے موج مل کے

چھپو گے بھنور میں، تو چھپنے نہ دیں گے۔ ڈبو دینگے نیا تمہیں ڈھونڈ لینگے

بنا لینگے طوفاں کو اک دن کنارا۔ رہے گا ملن ....

گوری اور سہیلیاں۔

نمبر ۵

دور کوئی گائے۔ دھن یہ سنائے تیرے بن چھلیا رے۔ باجے مُرلیا رے

من کے اندر پیار کی نگری نینا کھوئے کھوئے۔

ابھی سے یہ حال تو آگے نہ جانے کیا ہوئے

بیجو باورا

نیند نہ آئے، برہا ستائے۔ تیرے بن جھلبا رے۔
مورے انگنا لاج کا پہرا۔ پاؤں پڑی زنجیر
یاد کسی کی جب جب آئے۔ لاگے دل پہ تیر
آنکھ بھر آئے، جل برسائے۔ تیرے بن......

نمبر ۶

زر دھن کا دھن لوٹنے والو۔ لوٹ لو دل کا پیار
پیار وہ دھن ہے جس کے آگے۔ ہر دھن ہے بے کار
انسان بنو، کر لو بھلائی کا کوئی کام
دنیا سے چلے جاؤ گے، رہ جائے گا بس نام
اس باغ میں سورج بھی نکلتا ہے لئے غم
پھولوں کی ہنسی دیکھ کے رو دیتی ہے شبنم
کچھ دیر کی خوشیاں ہیں۔ تو کچھ دیر کا ماتم
کس نیند میں ہو جاگو، ذرا سوچ لو انجام ... انسان بنو....
لاکھوں یہاں شان اپنی دکھاتے ہوئے آئے
دم بھر کیلئے ناچ گئے دھوپ میں سائے۔
وہ بھول گئے تھے کہ یہ دنیا ہے سرائے۔
آتا ہے کوئی صبح تو، جاتا ہے کوئی شام انسان بنو.....
کیوں تم نے لگائے ہیں یہاں ظلم کے ڈیرے
دھن ساتھ نہ جائے گا بنے کیوں ہو لٹیرے۔
پیتے ہو غریبوں کا لہو شام سویرے۔

رنگیلے

خود پاپ کرو نام ہو شیطان کا بدنام۔ انسان ہو...

نمبر ۷

بچپن کی محبت کو دل سے نہ جُدا کرنا

جب یاد میری آئے مِلنے کی دُعا کرنا

گھر میری اُمیدوں کا سُونا کیئے جاتے ہو۔

جو غم نے جاتے ہو، اس غم کی دوا کرنا۔ بچپن کی...

ساون میں پپیہے کا سنگیت چراؤں گی

فریاد تمہیں اپنی گا گا کے سناؤں گی۔

آواز مری سُن کر دل تھام لیا کرنا۔ بچپن کی......

گوری:۔

نمبر ۸

موہے بھول گئے ساونریا

آؤں کہہ گئے اجہو نہ آئے۔ لینی نہ موری خبریا۔ موہے بھول گئے۔

دل کو دئے کیوں دُکھ برہا کے۔ توڑ دیا کیوں محل بنا کے۔

اُس دلا کے او بیدردی، پھیرلی کاہے نجریا۔ موہے......

نین ہے رو رو کے سجنا۔ دیکھ چکے ہم پیار کا سپنا۔

پریت ہے جھوٹی، پریتم جھوٹا، جھوٹی ہے ساری نگریا۔ موہے...

نمبر ۹

من تڑپت ہری درشن کو آج۔ مورے تم بن بگڑے سگرے کاج

بنتی کرت ہوں رکھیو لاج۔ من تڑپت.........

تمرے دوار کا میں ہوں جوگی، ہری اور نجر کب ہو گی۔

سنو مورے پیا کل من کی بات ۔ من ۔۔۔۔

بن گورو گیان کہاں سے لاؤں ۔ دیجو دان ہری گن گاؤں ۔

سب گنی جن پر تمہرو راج ۔ من ۔۔۔۔۔۔۔

مُرلی منوہر آس نہ توڑو ۔ مرلی منوہر موہن گردھر ہری اوم

او دُکھ بھنجن مورا ساتھ نہ چھوڑو ۔

موہے درشن بھکشا دیدو آج ۔ مرلی منوہر ۔۔۔۔

نمبر ا

بیجو :۔

بھگوان ۔۔۔۔ او دُنیا کے رکھوالے ۔ سُن درد بھرے میرے نالے

آس نراش کے دو رنگوں سے دُنیا تو نے سجائی ۔

نیا سنگ طوفان بنایا ۔ ملن کے ساتھ جدائی ۔ جا دیکھ لیا ہر جائی

لُٹ گئی میرے پیار کی نگری ۔ اب تو نیر بہالے ۔ او ۔۔۔۔

آگ بنی ساون کی برکھا ، پھول بنے انگارے

ناگن بن گئی رات سہانی ، پتھر بن گئے تارے

جیون اپنا واپس لے لے ۔ جیون دینے والے ۔ او دُنیا کے ۔۔۔

چاند کو ڈھونڈے پاگل سورج شام کو ڈھونڈے سویرا ۔

میں بھی ڈھونڈوں اس پریتم کو ۔ ہو نہ سکا جو میرا ۔ بھگوان بھلا ہو تیرا

قسمت پھوٹی آس نہ ٹوٹی ، پاؤں میں پڑ گئے چھالے ۔ او دنیا ۔۔

محل اُداس اور گلیاں سونی ، چپ چپ ہیں دیواریں ۔

دل کیا اُجڑا ، دُنیا اُجڑی ، روٹھ گئی ہیں بہاریں ۔ ہم جیون کیسے گذ

منہ رگڑتا پھر بن جاتا ، دل کو کون سنبھالے ۔ او دُنیا کے ۔۔۔۔۔

تانسین اور بیجو۔ نمبر ۱۱

ترے گن گاؤں رے، بگڑے بنا دو کام ہمارے
آج گاوت من میرو جھوم کے، تیری تان بھگوان
ہار گیا تو جیون جائے۔ جیت گیا تو دنیا ہائے یہ کھواب ہوی شان
پریم کے کارن پریمی گائے۔ تانوں سے پتھر پگھلائے
جگت میں رہے مان رے۔ آج گاوت......
سات سُروں کے مدھ بلن میں، جادو آج جگا دے
بیجو کے سنگیت سے داتا جل میں آگ لگا دے، ترے گن گاؤں رے۔
آج......